روزنامہ الفضل
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

جمعہ 12 نومبر 2004ء 28 رمضان المبارک 1425 ہجری 12 نبوت 1383 ہش جلد 54-89 نمبر 258

دو بہتر دن

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ جب مدینہ تشریف لائے۔ تو اس وقت اہل مدینہ ہر سال دو دن کھیل کود کے مناتے تھے۔ رسول اللہؐ نے ان سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے بدلے تمہارے لئے بہتر دن مقرر فرما دیئے ہیں یعنی عید الاضحی اور عید الفطر

(سنن ابی داؤد کتاب الصلوٰۃ باب صلوٰۃ العیدین حدیث نمبر:959)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

تحفہ عید

حضرت مسیح موعود نے یکم جنوری 1903ء کو عید الفطر کی مبارک صبح کو فجر کے وقت اپنے الہام بطور ہدیہ عید سنائے۔

فرمایا: اول ایک خفیف خواب جو کشف کے رنگ میں تھا مجھے دکھایا گیا کہ میں نے ایک لباس فاخرہ پہنا ہوا ہے اور چہرہ چمک رہا ہے پھر وہ کشفی حالت وحی الٰہی کی طرف منتقل ہو گئی چنانچہ وہ تمام فقرات وحی الٰہی کے جو بعض اس کشف سے پہلے اور بعض بعد میں تھے ذیل میں لکھے جاتے ہیں اور وہ یہ ہیں:۔(۔)

خدا جو رحمان ہے تیری سچائی کو ظاہر کرنے کے لئے کچھ ظہور میں لائے گا خدا کا امر آ رہا ہے تم جلدی نہ کرو یہ ایک خوشخبری ہے۔

صبح پانچ بجے کا وقت تھا یکم جنوری 1903ء و یکم شوال 1320ھ روز عید جب میرے خدا نے مجھے یہ خوشخبری دی۔

نوٹ:۔ چونکہ ہمارے ملک میں یہ رسم ہے کہ عید کے دن صبح ہوتے ہی ایک دوسرے کو ہدیہ بھیجا کرتے ہیں سو میرے خداوند نے سب سے پہلے یعنی قبل از صبح پانچ بجے مجھے اس عظیم الشان پیشگوئی کا ہدیہ بھیج دیا ہے۔ اس ہدیہ پر ہم شکر کرتے ہیں۔

(ملفوظات جلد دوم ص625)

قادیان میں عید الفطر

حضرت مسیح موعود نے نماز عید سے پیشتر احباب کے لئے میٹھے چاول تیار کروائے اور سب احباب نے مل کر تناول فرمائے۔ گیارہ بجے کے قریب خدا کا برگزیدہ سادے لباس میں ایک چوغہ زیب تن کئے (بیت) اقصیٰ میں تشریف لایا جس قدر احباب تھے انہوں نے دوڑ کر حضرت اقدس کی دست بوسی کی اور عید کی مبارکباد دی۔

اتنے میں حکیم نور الدین صاحب تشریف لائے اور آپ نے عید کی نماز پڑھائی اور ہر دو رکعت میں سورۃ فاتحہ سے پیشتر سات اور پانچ تکبیریں کہیں اور ہر تکبیر کے ساتھ حضرت اقدس (۔) نے گوش مبارک تک حسب دستور اپنے ہاتھ اٹھائے۔

ظہر کے وقت حضرت اقدس تشریف لائے تو کمر کے گرد ایک صافہ لپٹا ہوا تھا۔ فرمایا کہ

کچھ شکایت درد گردہ کی شروع ہو رہی ہے اس لئے میں نے باندھ لیا ہے ذرا غنودگی ہوئی تھی اس میں الہام ہوا ہے۔

تا عود صحت

فرمایا کہ

صحت تو اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہوتی ہے۔ جب تک وہ ارادہ نہ کرے کیا ہو سکتا ہے۔ (ملفوظات جلد دوم ص 627)

مجاہدہ

فرمایا: عید رمضان اصل میں ایک مجاہدہ ہے اور ذاتی مجاہدہ ہے اور اس کا نام بذل الروح ہے۔ (ملفوظات جلد اول ص 327)

حضور کا خطبہ عید الفطر

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ عید الفطر 14 نومبر 2004ء بروز اتوار کو پاکستانی وقت کے مطابق ساڑھے تین بجے سہ پہر ایم ٹی اے پر براہ راست نشر ہوگا۔ احباب استفادہ فرمائیں۔

(نظارت اشاعت)

دائمی عید

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

''عیدوں کے موقع پر اپنے غریب ہمسایوں، ضرورتمندوں کے ساتھ شامل ہونے کی کوشش کریں، ان کے کچھ غم ان کے گھروں میں جا کر دیکھیں اور ان کے غم بانٹیں۔ اپنی خوشیاں ان کے پاس لے کر جائیں اور اپنی خوشیاں ان کے ساتھ بانٹیں یا اپنے گھر میں ان کو بلائیں غرضیکہ غریبوں کے ساتھ عید کرنے سے بہتر دنیا میں اور کوئی عید نہیں خدا آپ کو غریبوں کی خدمت میں زیادہ ملے گا۔ اور یہ ایک ایسا آزمودہ نسخہ ہے جس نے کبھی خطا نہیں کی۔ جو خدا کے بے کس مجبور بندوں سے پیار کرتا ہے۔ لازماً خدا اس سے پیار کرتا ہے کبھی اس میں کوئی تبدیلی تم نہیں دیکھو گے۔ اپنی عیدوں کو غریبوں کی خدمت سے سجالیں...... پھر آپ کی عید ایسی ہوگی جو زمینی عید نہیں رہے گی بلکہ آسمان پر بھی یہ عید کے طور پر لکھی جائے گی اور اس کی خوشیاں دائمی ہوں گی اور اس کی برکتیں دائمی ہوں گی۔

(الفضل 23 دسمبر 2000ء)

خصوصی درخواست دعا

احباب جماعت سے جملہ اسیران راہ مولا کی جلد اور باعزت رہائی نیز مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کے لئے دردمندانہ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے ان بھائیوں کو اپنی حفظ و امان میں رکھے ہر شر سے بچائے۔

رمضان کا مہینہ

افسوس جا رہا ہے رمضان کا مہینہ
انعامِ ایزدی کے اعلان کا مہینہ
ہر ذرۂ زمیں پھر ہمدوشِ آسماں ہے
اترا ہے آسماں سے کس شان کا مہینہ
اس ماہ میں خدا نے ام الکتاب بھیجی
ہے کس قدر مبارک قرآن کا مہینہ
ہر قلب ہو گیا ہے ذکرِ خدا سے روشن
لایا ہے نورِ عرفاں عرفان کا مہینہ
تاریکیٔ ضلالت پھر مٹ کے رہ گئی ہے
ظاہر ہوا ہے نورِ ایمان کا مہینہ
بڑھ جاؤ نیکیوں میں لے جاؤ گو نہ سبقت
آیا ترقیوں کے میدان کا مہینہ
کیا لطف دے رہے ہیں رمضان کے یہ روزے
آیا ہے زندگی کے سامان کا مہینہ
صد شکر زندگی میں پھر شوقؔ آ گیا ہے
اس ربِّ دو جہاں کے احسان کا مہینہ

عبدالحمید شوقؔ

ربوہ کی مضافاتی کالونیاں

☆ ربوہ کے مضافات میں جو کالونیاں بنائی گئی ہیں۔ وہ زرعی اراضی پر ہیں۔ اور عام طور پر مشترکہ کھاتہ جات میں ہیں۔ اس لئے بعداز خرید پلاٹ کا قبضہ حاصل کرنے میں تنازعات پیدا ہوتے ہیں۔ لہٰذا اعلان کیا جاتا ہے کہ آئندہ جو احباب ان کالونیز میں پلاٹ خریدنا چاہیں وہ سیکرٹری صاحب مضافاتی کمیٹی دفتر صدر عمومی سے مشورہ اور راہنمائی حاصل کرلیا کریں۔ تاکہ بعد میں ہرقسم کی پریشانی سے محفوظ رہیں۔ اگر مشورہ نہ کیا گیا اور خرید و فروخت کی گئی تو تنازعہ کا خدشہ ہے۔

(صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

خدا کافی ہے

97ء میں گیمبیا کے صاحبان اقتدار کی طرف سے ایک فتنہ اٹھا اس کے متعلق حضرت خلیفۃ المسیح الرابع اپنے خطبہ جمعہ 3/ اکتوبر 97ء میں فرماتے ہیں:۔

”اللہ تعالیٰ نے مجھے سخت بے چینی کے بعد الیس اللّٰہ (۔) کی خوشخبری دی ہے اور میں امید رکھتا ہوں کہ اب انشاء اللہ گیمبیا کے حالات پلٹیں گے۔

(الفضل انٹرنیشنل 21 نومبر 97ء)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم اسفند یار منیب صاحب پرنسپل مدرسۃ الظفر وقف جدید ربوہ لکھتے ہیں۔ خاکسار کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ 3 نومبر 2004ء بروز بدھ تین بیٹیوں کے بعد بیٹے سے نوازا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ”اسد احمد نجیب“ نام عطا فرمایا ہے۔ نومولود وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہے۔ بچہ مکرم احمد عبدالمنیب صاحب آف جرمنی کا پوتا اور حضرت مولوی غلام نبی صاحب لائلپوری کی نسل میں سے ہے۔ نیز مکرم ملک قائم الدین صاحب مرحوم آف راہوالی ضلع گوجرانوالہ کا نواسہ ہے۔ نومولود کے نیک، خادم دین اور باعمر ہونے کیلئے احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے۔

نکاح

محترمہ شمشاد اسلم صاحبہ آف فیصل ٹاؤن، محاسبہ مال ونگران قیادت فیصل ٹاؤن لاہور لکھتی ہیں کہ میری بیٹی مکرمہ عائشہ اسلم صاحبہ بنت محمد اسلم وڑائچ صاحب ایڈووکیٹ لاہور کا نکاح مکرم نوید اشرف صاحب وڑائچ ولد مکرم محمد اشرف صاحب وڑائچ جوہر ٹاؤن لاہور کے ساتھ مورخہ 5 نومبر 2004ء کو مکرم طاہر محمود خاں صاحب مربی سلسلہ ماڈل ٹاؤن نے مبلغ دولاکھ روپے حق مہر پر پڑھایا۔ دولہا اور دلہن حضرت اللہ داد صاحب نمبردار آف سعد اللہ پور رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہیں۔ نیز بچی مکرم چوہدری حسن محمد صاحب شادیوال ضلع گجرات کی پوتی اور محترم چوہدری امان اللہ وڑائچ صاحب سعد اللہ پور ضلع منڈی بہاؤالدین کی نواسی ہیں۔ احباب جماعت دعا کریں کہ یہ رشتہ ہر لحاظ سے دوخاندانوں کیلئے بابرکت ہو۔

اعلان داخلہ

یونیورسٹی آف سندھ جامشورو ڈیپارٹمنٹ آف کریمی نالوجی (Criminology) نے ایم ایس سی (Criminology) میں داخلے کا اعلان کیا ہے۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 20 نومبر 2004ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 2 نومبر 2004ء ملاحظہ کریں۔

ہائر ایجوکیشن کمیشن نے یونیورسٹیز کے طلبہ اور اساتذہ کیلئے شارٹ ٹرم ٹیچرز ایکسچینج پروگرام کا اعلان کیا ہے مزید معلومات ویب سائٹ اور درج ذیل فون سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

www.hec.gov.pk

فون: 051-9040207-9257509

(نظارت تعلیم)

سانحہ ارتحال

مکرم عبدالستار قمر صاحب سیکرٹری سمعی بصری جماعت احمدیہ کراچی لکھتے ہیں کہ خاکسار کے والد محترم چوہدری عبدالغفور صاحب مورخہ 5 نومبر 2004ء کو بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ مرحوم کی ساری زندگی جماعتی خدمات سے معمور رہی ایک لمبا عرصہ سیکرٹری مال اور نائب امیر ضلع جھنگ کے طور پر خدمات بجالانے کی توفیق ملی۔ مرحوم اللہ تعالیٰ کے فضل سے موصی تھے۔ جنازہ تدفین کے لئے ربوہ لایا گیا۔ محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے 7 نومبر 2004ء بعد نماز ظہر بیت المبارک میں نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد آپ نے ہی دعا کروائی۔ احباب جماعت کی خدمت میں مرحوم کی بلندیٔ درجات کیلئے درخواست دعا ہے۔

مکرم لیاقت علی طاہر صاحب کارکن نظارت امور عامہ ~~لکھتے ہیں۔ خاکسار کے والد محترم محمد~~ بوٹا صاحب کی بائیں آنکھ کا فضل عمر ہسپتال ربوہ میں آپریشن ہوا ہے احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ ان کو اللہ تعالیٰ شفاء کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔

اعلان دارالقضاء

(مکرم اورنگ زیب خان صاحب بابت ترکہ مکرم ڈاکٹر ظہور الحسن خان صاحب)

مکرم اورنگ زیب خان صاحب ساکن مکان نمبر 1162 پیر الٰہی بخش کالونی کراچی نے درخواست دی ہے کہ میرے والد مکرم میجر ڈاکٹر ظہور الحسن خان صاحب ولد مکرم ڈاکٹر نور الحسن خان صاحب بقضائے الٰہی وفات پاگئے ہیں۔ قطعہ نمبر 28/52 دارالعلوم شرقی ربوہ برقبہ ایک کنال ان کے نام بطور مقاطعہ گیر منتقل کردہ ہے۔ یہ قطعہ میرے نام منتقل کر دیا جائے۔ دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہ ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے۔

(1) محترمہ ثریا پروین صاحبہ (بیٹی)۔ وفات یافتہ
(2) محترمہ شمیم اختر صاحبہ (بیٹی)
(3) مکرم منصور الحسن خان صاحب (بیٹا)۔ وفات یافتہ
(4) مکرم فاروق الحسن خان صاحب (بیٹا)۔ وفات یافتہ
(5) محترمہ نسیم اختر صاحبہ (بیٹی)
(6) محترمہ مریم صدیقہ صاحبہ (بیٹی)
(7) مکرم اورنگ زیب خان صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو تیس یوم کے اندر اندر دفتر میں اطلاع کریں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

جماعت احمدیہ جرمنی کا 29 واں جلسہ سالانہ

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کی بنفس نفیس شمولیت اور 28 ہزار سے زائد افراد کی شرکت

اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان کے ساتھ جماعت احمدیہ جرمنی کی تاریخ کا 29 واں اور خلافت خامسہ کے بابرکت دور کا دوسرا جلسہ سالانہ جرمنی مورخہ 20، 21، 22 اگست 2004ء، مئی مارکیٹ من ہائیم شہر میں روحانی ماحول لئے ہوئے پوری شان و شوکت سے منعقد ہوا۔ اس جلسہ سالانہ کو بھی یہ اعزاز حاصل رہا ہے کہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس میں بنفس نفیس شرکت فرمائی اور جلسہ کو رونق بخشی۔ اس جلسہ سالانہ میں 30 ممالک سے نمائندگان شامل ہوئے۔ جن میں سے چند ایک ممالک مندرجہ ذیل ہیں۔

بھارت، انڈونیشیا، پاکستان، غانا، نائیجیریا، کینیڈا، امریکہ، مصر، شام، بلغاریہ اور برازیل۔ 5 ہوٹلوں میں ٹھہرے ہوئے مہمانوں کو جلسہ گاہ تک لانے اور لے کر جانے کا انتظام بس، ویگنوں اور کاروں کے ذریعہ تھا۔ جسے شعبہ رہائش نے بخوبی انجام دیا۔ ملکی اخبارات کے علاوہ دور دراز کے ملکوں میں بھی اس جلسہ کے بارے میں خبریں چھپیں۔ اس جلسہ میں 28000 مرد و خواتین و بچوں نے شرکت کی اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی نصائح سنیں، آپ کے دیدار سے آنکھیں ٹھنڈی کیں نیز عبادات و ذکر الٰہی میں وقت گزارا اور اس روحانی مائدہ سے فائدہ اٹھایا۔ MTA نے کارروائی کو جلسہ گاہ سے براہ راست نشر کر کے تمام دنیا کو اس روحانی ماحول اور روح پرور نظاروں میں شامل کر لیا۔ لنگر خانہ میں ایک سو کے قریب کارکنان دن رات کئی سو دیگوں میں محنت سے مہمانوں کے لئے کھانا تیار کرنے میں مصروف رہے۔

تیاری اور انتظامات

مورخہ 9 اگست بروز پیر مئی مارکیٹ Mannheim میں صبح دس بجے وقار عمل برائے تیاری جلسہ سالانہ جرمنی 2004ء کے لئے افتتاحی تقریب منعقد ہوئی۔ خدام و اطفال صبح سے ہی جلسہ گاہ میں جمع ہونے شروع ہو گئے تھے اور فرم سے مل کر خیمہ جات کے سامان کو اپنی اپنی جگہ پر پہنچانا شروع کر دیا تھا۔ سب سے پہلے مکرم مظفر احمد صاحب افسر خدمت خلق جلسہ سالانہ نے سو کے قریب مجمع سے مخاطب ہو کر انہیں عمومی و حفاظتی ہدایات دیں۔ جس کے بعد افسر صاحب جلسہ سالانہ مکرم زبیر خلیل خان صاحب نے احباب کے انتھک جذبہ وقار عمل جس پر کسی موسم کا اثر نہیں ہوتا کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ کام وقت پر مکمل ہو جائے گا۔ اس کے بعد مربی انچارج مکرم حیدر علی ظفر صاحب افسر جلسہ گاہ نے احباب کو وقار عمل کے دوران نمازوں کی ادائیگی کی طرف توجہ دلائی۔ آپ نے وقار عمل کے ذریعہ ہزاروں یورو کی بچت پر جماعت جرمنی کی تعریف بھی کی۔ آخر میں ناظم تیاری مکرم طارق نعیم صاحب نے انتظامی ہدایات دیں اور دعا کے ساتھ وقار عمل برائے تیاری جلسہ سالانہ کا افتتاح عمل میں آیا جو مربی انچارج مکرم حیدر علی ظفر صاحب نے کروائی۔ خدام احمدیت نے اگلے ایک ہفتے کے اندر اندر تمام بڑے بڑے خیمہ جات اور 19 اگست بروز جمعرات تک کل 107 خیمہ جات کی تنصیب کا کام مکمل کر دیا اور جلسہ سالانہ کے شعبہ جات نے اپنا اپنا کام شروع کر دیا۔

مورخہ 19 اگست 2004ء

جلسہ سالانہ کی تیاری اپنے آخری مراحل میں پہنچ چکی تھی۔ مہمانوں کی اکثریت آج ہی مئی مارکیٹ میں پہنچ گئی اور 665 نجی خیمہ جات کی کثیر تعداد نے ایک چھوٹا سا شہر آباد کر دیا تھا۔ شعبہ امانات میں سامان جمع کروانے کا اعلیٰ انتظام کیا گیا تھا۔ شام پانچ بج کر پنتالیس منٹ پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مئی مارکیٹ میں تشریف آوری ہوئی۔ حضور کے استقبال کے لئے افسر صاحب جلسہ سالانہ مکرم زبیر خلیل صاحب، افسر صاحب جلسہ گاہ مکرم حیدر علی ظفر صاحب، افسر صاحب خدمت خلق مکرم مظفر احمد صاحب، لوکل قائد من ہائیم، لوکل امیر من ہائیم اور نیشنل و مقامی صدر لجنہ من ہائیم موجود تھیں۔ احباب جماعت نے نعرے لگا کر اور ہاتھ ہلا کر حضور کا استقبال کیا۔

تقریب معائنہ

اپنی آمد کے فوراً بعد حضور مردانہ و زنانہ جلسہ گاہ میں تشریف لے گئے اور کچھ شعبہ جات کا معائنہ فرمایا۔ چھ بج کر دس منٹ پر حضور مردانہ جلسہ گاہ کے ہال میں داخل ہوئے۔ یہاں پر تمام شعبہ جات کے ناظمین تین اطراف ترتیب سے اپنے اپنے شعبہ کے بورڈ کے پیچھے کھڑے تھے اور ان کے پیچھے ان کے معاونین قطاریں بنائے کھڑے تھے۔ حضور انور نے تمام ناظمین سے مصافحہ کیا اور پھر سٹیج پر تشریف لا کر تقریب کا آغاز فرمایا۔ قرآن کریم کی تلاوت کے بعد اردو و جرمن ترجمہ پیش کیا گیا۔ اس کے بعد 18:26 پر حضور انور نے جلسہ کے کارکنان سے مختصر خطاب فرمایا اور ان کو نصائح سے نوازا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطاب میں کارکنان کو مہمانوں سے نرمی اور خوش خلقی سے پیش آنے کی تلقین کی۔ نیز صفائی کا اعلیٰ معیار قائم کرنے کی طرف زور دیا۔ خواتین سے متعلق فرمایا کہ جن کے بچے شور کرنے والے ہیں وہ ان کو دوسرے خیمہ میں لے جائیں۔ اس طرح سے ان خواتین کی قربانی کے باعث دوسری خواتین ڈسٹرب نہیں ہوں گی۔ نیز فرمایا کہ جلسے کی کارروائی کے دوران بازار مکمل طور پر بند رہیں گے۔ کوئی بھی دوکان کھلی نہ ہو۔ ڈیوٹی کے دوران تمام کارکنان نمازوں کی ادائیگی کو یقینی بنائیں۔ اگر وہ بروقت نماز ادا نہ کر سکیں تو بعد میں ضرور ادا کریں۔ آخر پر حضور نے فرمایا کہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس جلسہ کو ہر لحاظ سے کامیاب فرمائے۔ 18:37 پر دعا کے ساتھ اس تقریب کا اختتام ہوا۔ اس سے اگلی تقریب حضور انور کا جلسہ کے کارکنان کے ساتھ کھانا تھا۔ اس سلسلے میں ضیافت کے وسیع خیمے میں اس کھانے کا اہتمام کیا گیا تھا۔ شام سات بج کر چالیس منٹ پر حضور انور ضیافت کے خیمے میں تشریف لائے اور کچھ دیر بعد کھانے کا آغاز ہوا۔ جس میں تقریباً 2600 کارکنان و کارکنات کو حضور انور کے ساتھ کھانا کھانے کا اعزاز حاصل ہوا۔ دعا کے بعد حضور انور اپنی قیام گاہ کی طرف تشریف لے گئے۔ پھر شام نو بجے حضور انور نے نماز مغرب و عشا جمع کروا کر بڑے ہال میں پڑھائیں۔

مورخہ 20 اگست

جلسہ سالانہ کے پہلے روز حسب سابق 4:15 پر نماز تہجد ہوئی۔ 5:30 پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز فجر پڑھائی اور مربی سلسلہ مکرم عبدالباسط طارق صاحب نے اردو و جرمن زبانوں میں درس قرآن دیا۔ آج جلسہ سالانہ کا پہلا دن تھا۔ کارکنان جلسہ صبح سے ہی مستعد نظر آ رہے تھے۔ احباب جماعت کی گہما گہمی بڑھتی نظر آ رہی تھی جو اپنی گاڑیوں کو پارک کرنے کے بعد رجسٹریشن کے مراحل میں سے گزرتے ہوئے جلسہ گاہ میں داخل ہو رہے تھے اور خواتین اپنے جلسہ گاہ میں داخل ہو رہی تھیں۔ اس بار بھی پارکنگ کا انتظام مئی مارکیٹ سے ملحقہ ایئرپورٹ کی پارکنگ میں کیا گیا تھا جسے ایک پل کے ذریعہ مئی مارکیٹ سے ملایا گیا ہے۔

تقریب پرچم کشائی

دوپہر 13:55 پر حضور انور قیام گاہ سے مئی مارکیٹ کے مین گیٹ کے سامنے پرچم کشائی کی تقریب کے لئے بنائے گئے۔ چبوترے پر تشریف لے گئے۔ چبوترے کے دائیں طرف اطفال کا گروپ سفید قمیص اور سیاہ پتلون میں ملبوس، ہاتھوں میں پرچم احمدیت کی چھوٹی چھوٹی جھنڈیاں تھامے کھڑا تھا۔ اسی طرح بائیں طرف ناصرات کا ایک گروپ سفید کپڑوں میں ملبوس ہاتھوں میں جرمنی کے پرچم کی چھوٹی چھوٹی جھنڈیاں تھامے کھڑا تھا۔ احباب کی کثیر تعداد وہاں پر پہلے سے ہی موجود تھی۔ سب نے حضور کو دیکھ کر خوشی سے نعرے لگائے اور ہاتھ ہلا کر استقبال کیا۔ حضور نے لوائے احمدیت لہرایا جبکہ اس کے ساتھ ہی نیشنل امیر صاحب جرمنی مکرم عبداللہ واگس صاحب نے جرمنی کا پرچم لہرایا۔ اس کے ساتھ ہی بچوں نے دونوں پرچموں کے رنگ سے مطابقت رکھنے والے رنگوں کے سینکڑوں غبارے فضا میں چھوڑے اور اس کے ساتھ ہی فضا نعروں سے گونج اٹھی۔ اس تمام منظر کو MTA کے ذریعے دنیا بھر میں براہ راست نشر کیا جا رہا تھا۔

نماز جمعہ

اس کے بعد حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دعا کروائی اور جلسہ گاہ میں تشریف لے گئے اور خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ خطبہ میں حضور نے اعمال صالحہ بجا لانے اور جنت حاصل کرنے کے طریق کار کے متعلق ارشاد فرمایا۔ حضور نے فرمایا کہ چھوٹی سی چھوٹی نیکی بھی بجا لانی چاہئے اور چھوٹی سی چھوٹی بدی سے بھی پرہیز کرنا چاہئے۔ نیز لغویات سے پرہیز کرنا چاہئے۔

نظام کی اطاعت نہ کرنا بھی لغویات میں شامل ہے۔ نیز ہنسی ٹھٹھے، جوئے، شراب نوشی، سگریٹ نوشی، انٹرنیٹ کے غلط استعمال اور نشہ کرنے والے کی صحبت سے پرہیز کی نصیحت فرمائی۔

نماز جمعہ کے فوراً بعد تمام احباب مئی مارکیٹ کے مین گیٹ کے سامنے تشریف لے گئے۔ جہاں پر ہزاروں افراد نے ترتیب سے کھڑے ہو کر Love For All Hatred For None کی تصویر بنائی جس کی ہیلی کاپٹر سے فوٹو لی گئی اور ویڈیو بنائی گئی۔

شام پانچ بجے جلسہ کے پہلے اجلاس کا آغاز ہوا جس کی صدارت مکرم و محترم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح و ارشاد ربوہ نے کی۔ تلاوت قرآن کریم مکرم حافظ مبارک احمد صاحب نے کی جبکہ اس کا اردو ترجمہ مکرم مولانا مبارک احمد تنویر صاحب نے پیش کیا۔ اس کے بعد مکرم داؤد احمد ناصر صاحب نے حضرت مسیح موعود کا کلام خوش الحانی سے پیش کیا۔ جلسہ کی پہلی تقریر مکرم مولانا حیدر علی ظفر صاحب مربی انچارج جرمنی نے بعنوان ''حضرت مسیح موعود کی اپنی جماعت سے توقعات'' کی۔ اگلی تقریر مکرم مولانا مبارک احمد نذیر صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ کینیڈا کی تھی جس کا عنوان ''واقفین نو مستقبل کے مربیان'' تھا۔ اگلی تقریر جرمن زبان میں مکرم ہدایت اللہ ھیوبش صاحب کی بعنوان ''معرفت الٰہی'' ہوئی۔ شام ساڑھے سات بجے پہلے روز کے اجلاس کا اختتام ہوا۔ اس کے ساتھ ہی وقفہ برائے طعام ہوا۔ رات نو بجے احباب جماعت نے

حضور انور کی اقتداء میں نماز مغرب اور عشاء ادا کیں۔ آج حضور انور نے تقریباً 1500 خواتین و بچیوں کو اجتماعی ملاقات کا شرف بخشا۔ آج جلسے کی کل حاضری 23498 رہی جس میں 14169 خواتین اور بچے 9329 مرد حضرات تھے۔

مورخہ 21 راگست

جماعت احمدیہ جرمنی کا سالانہ جلسہ دوسرے دن بروز ہفتہ بھی اپنے پروگرام کے مطابق جاری رہا۔ دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ صبح ساڑھے پانچ بجے نماز فجر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے پڑھائی اور مربی سلسلہ مکرم عبدالباسط طارق صاحب نے اردو و جرمن زبانوں میں درس حدیث دیا۔ اجلاس اول تک آرام اور ناشتہ وغیرہ کا وقفہ تھا۔

صبح دس بجے اجلاس اول زیر صدارت مکرم مولانا مبارک احمد نذیر صاحب شروع ہوا۔ تلاوت قرآن کریم مکرم حفیظ الرحمٰن انور صاحب نے کی جس کا اردو ترجمہ مکرم ساجد احمد نسیم صاحب نے کیا۔ اس کے بعد حضرت مسیح موعود کا منظوم کلام مکرم خالد محمود صاحب نے ترنم سے پڑھا۔ جلسہ کی پہلی تقریر مکرم کولمبس خان صاحب (ریجنل امیر شلیسوگ میکلن برگ) کی بعنوان ''جرمنی میں ایک احمدی کا طرز عمل'' تھی۔ اس کے بعد گیارہ بجے مکرم محمد رفیق شاکر صاحب نے حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کی ایک نظم پیش کی۔ اس کے بعد مکرم مولانا راجہ نصیر احمد صاحب ناصر ناظر اصلاح و ارشاد ربوہ پاکستان نے بڑے اچھے پیرائے میں ''سیرت حضرت خلیفۃ المسیح الاول'' پر روشنی ڈالی۔ اس کے بعد مکرم فلاح الدین خان صاحب نے حضرت مصلح موعود کا کلام خوش الحانی سے پیش کیا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا لجنہ سے خطاب

پروگرام کے مطابق حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز زنانہ جلسہ گاہ میں تشریف لے گئے۔ تلاوت و نظم کے بعد بارہ بج کر دس منٹ پر حضور نے لجنہ سے خطاب فرمایا جسے مردانہ جلسہ گاہ میں بھی ہمہ تن گوش ہو کر سنا اور سکرین پر دیکھا گیا۔ اپنے خطاب میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خواتین کو ان کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی اور تلقین فرمائی کہ معاشرہ کی بہتری میں خواتین فیصلہ کن کردار ادا کریں۔ حضور کے خطاب کے بعد پونے دو بجے نماز ظہر و عصر ادا کی گئیں جس کے بعد وقفہ برائے طعام ہوا۔

لنگر خانے میں دو قسم کے کھانوں کا انتظام تھا۔ ایک ایشیائی طرز اور دوسرا یورپین طرز کا۔ اس کے علاوہ بڑی عمر کے بزرگ افراد اور کارکنان جلسہ کے لئے و مہمانان خاص کے لئے الگ الگ خیمہ جات میں کھانا کھانے کا انتظام تھا۔ اس کے علاوہ احباب بازار سے بھی مختلف قسم کے کھانوں سے لطف اندوز ہوئے۔

جرمن احباب کے ساتھ نشست

سہ پہر تین بجے جلسہ کا ایک اہم اجلاس جرمن مہمانوں کے ساتھ سوال و جواب کی نشست تھا جو کہ شعبہ دعوت الی اللہ کے خیمے میں منعقد ہوا۔ اس میں تقریباً ایک سو کے قریب مہمان شامل ہوئے۔ مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب نیشنل امیر جماعت جرمنی کی صدارت میں اجلاس کی کارروائی تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوئی جو کہ مکرم حافظ فرید احمد صاحب نے کی۔ مکرم طارق کریم عارف صاحب نے اس کا جرمن ترجمہ پیش کیا۔ اس کے بعد مکرم الیاس مجوکہ صاحب نیشنل سیکرٹری دعوت الی اللہ نے حاضرین کو آج کی میٹنگ کا مقصد آسان الفاظ میں سمجھایا۔ اس کے بعد مکرم ہدایت اللہ صاحب ہیوبش نیشنل پریس سیکرٹری جماعت احمدیہ جرمنی نے پچاس منٹ تک جماعت کا تعارف اچھے پیرائے میں بیان کیا اور دین کی تصویر کو صحیح رنگ میں اجاگر کیا۔ اس کے بعد جرمنوں کی طرف سے سوالات کئے گئے جن کے تسلی بخش جوابات دیئے گئے۔ آخر پر امیر صاحب نے شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور ان کو دعوت دی کہ وہ سارا جلسہ دیکھیں۔

شام پانچ بجے جلسہ کے دوسرے روز کے دوسرے اجلاس کا آغاز زیر صدارت مکرم و محترم صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب ہوا۔ تلاوت قرآن کریم حافظ عبدالحمید صاحب نے کی جس کا اردو ترجمہ مکرم مقصود الحق صاحب نے پیش کیا۔ پھر مکرم سلمان احمد شاہ صاحب نے حضرت مسیح موعود کا منظوم کلام پیش کیا۔ مکرم امیر صاحب جرمنی نے دو معزز مہمانان کرام کا تعارف کروایا اور ان دونوں نے باری باری حاضرین سے مختصر سا خطاب بھی کیا۔ پہلے مہمان جناب لوتھر مارک رکن قومی اسمبلی نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ جماعت احمدیہ نے من ہائیم میں اپنے تربیتی جلسے کا کامیاب انعقاد کیا ہے۔ دوسرے مہمان مقرر جو کہ چیف میئر من ہائیم کی طرف سے نمائندے تھے نے جماعت احمدیہ کے احباب کو شہر من ہائیم کی انتظامیہ کی طرف سے خوش آمدید کہا اور کامیاب جلسہ سالانہ کے انعقاد کی مبارکباد دی۔

اجلاس کی پہلی تقریر مکرم ڈاکٹر سید بشارت احمد صاحب (ریجنل امیر کولون) نے بعنوان ''دین میں تعلیم و تحقیق کی اہمیت'' کی۔ اس کے بعد اگلی تقریر ''خلافت اور ہماری ذمہ داریاں'' کے موضوع پر تھی جو کہ مکرم مولانا سلطان محمود انور صاحب ناظر خدمت درویشاں ربوہ پاکستان کی تھی مگر جلسہ سالانہ انگلستان میں شمولیت کے بعد آپ کی طبیعت بعارضہ قلب ناساز ہو گئی۔ اس لئے آپ جلسہ سالانہ جرمنی میں شمولیت نہ کر سکے۔ لہٰذا آپ کی ارسال کردہ تقریر مکرم منیر احمد صاحب منور مربی سلسلہ نے کی۔ اس کے بعد مکرم کمال احمد صاحب نے درثمین سے نظم پیش کی۔ اس کے بعد مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب نیشنل امیر جماعت احمدیہ جرمنی نے ''دین میں پردہ کی اہمیت'' کے موضوع پر اثر انگیز تقریر کی۔ جلسہ کی آج کے دن کی حاضری 26465 رہی۔ آجکل 1500 افراد نے جلسے کی رواں کارروائی کو نو زبانوں میں سنا۔ اس کے علاوہ تقریباً 70 نوجوانوں نے جرمن زبان میں ترجمہ کے لئے مہیا کئے گئے موبائل آلات سے فائدہ اٹھایا جس کو وہ اپنی ڈیوٹی کے دوران بھی سن سکتے تھے۔ آج حضور انور نے تقریباً 1800 مرد حضرات کو اجتماعی ملاقات کا شرف بخشا۔

مورخہ 22 راگست

جماعت احمدیہ جرمنی کا سالانہ جلسہ کا تیسرا دن بروز اتوار بھی اپنے پروگرام کے مطابق جاری رہا۔ دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ صبح ساڑھے پانچ بجے نماز فجر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے پڑھائی اور مربی سلسلہ مکرم عبدالباسط طارق صاحب نے اردو اور جرمن زبانوں میں درس حدیث دیا۔

صبح دس بجے جلسہ کے تیسرے روز کے پہلے اجلاس کا آغاز زیر صدارت مکرم و محترم مولانا حیدر علی ظفر صاحب مربی انچارج جماعت احمدیہ جرمنی ہوا۔ تلاوت قرآن کریم مکرم عطاء الرازق بھٹی صاحب نے کی۔

پہلی تقریر مکرم مولانا محمد الیاس منیر صاحب مربی سلسلہ نے بعنوان ''آنحضورﷺ بحیثیت عدل و انصاف کے علمبردار'' کی۔ اس کے بعد پروگرام روشنی کا سفر شروع ہوا جس میں بلغاریہ سے تعلق رکھنے والے تین نو مبائعین نے اپنے قبول احمدیت کے ایمان افروز واقعات سنائے۔ پہلے مقرر مکرم موسیٰ صاحب تھے جن کی تقریر کا ترجمہ مکرم محمد اشرف صاحب مربی سلسلہ نے کیا۔ دوسرے مقرر مکرم الماس صاحب تھے جن کی تقریر کا اردو ترجمہ مکرم طاہر احمد صاحب مربی سلسلہ نے کیا۔ تیسرے مقرر مکرم ابراہیم صاحب تھے۔ اس کے بعد مکرم حسان احمد باجوہ صاحب نے حضرت مصلح موعود کا منظوم کلام پیش کیا۔ جس کے بعد مکرم مولانا ڈاکٹر عبدالغفار صاحب مربی سلسلہ جرمنی نے ''حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات جمعہ سننے کی اہمیت'' کے موضوع پر تقریر کی۔ اس کے بعد مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب نیشنل امیر جماعت احمدیہ جرمنی نے چار طلباء میں سند امتیاز تقسیم کیں اور حاضرین کو سو بیوت الذکر سکیم اور تحریک وقف نو کے بارے میں کچھ معلومات بہم پہنچائیں۔ اس کے بعد مکرم حیدر علی صاحب ظفر نے صدر مجلس انصار اللہ اور سیکرٹری وصایا جرمنی کی درخواست پر نظام وصیت کے بارے میں حضرت مصلح موعود کی ایک تحریر پڑھ کر سنائی۔ پھر چند اعلانات کے بعد یہ اجلاس اپنے اختتام کو پہنچا۔ آج دوپہر تک مردانہ جلسہ گاہ کی حاضری 12835 تھی اور کل 30 ملکوں کی نمائندگی ہوئی۔

اختتامی اجلاس

آج کا دوسرا اور جلسہ سالانہ کا اختتامی اجلاس وقفہ برائے طعام و نماز ظہر و عصر جو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے پڑھائیں، کے بعد شروع ہوا۔ حضور پرنور اسٹیج پر رونق افروز ہوئے اور تلاوت قرآن کریم کے لئے مکرم حافظ طارق احمد صاحب کو بلایا، جس کا اردو ترجمہ مکرم ڈاکٹر محمد جلال شمس صاحب مربی سلسلہ نے پڑھا۔ نظم مکرم رانا محمود الحسن صاحب نے پڑھی۔ جس کے بعد نیشنل سیکرٹری تعلیم مکرم محمود احمد طاہر صاحب نے تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے ایک احمدی دوست مکرم ڈاکٹر سید بشارت احمد صاحب کا مختصر تعارف کروایا اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے دست مبارک سے ڈاکٹر صاحب کو تمغہ عنایت فرمایا۔ جس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے اختتامی خطاب کے لئے منبر پر تشریف لائے۔ اپنے خطاب میں حضور انور نے 1904ء کے حضرت مسیح موعود کے کچھ الہامات پڑھے اور ان کی روشنی میں احباب جماعت کو نصائح فرمائیں اور خوش خبریاں سنائیں اختتامی دعا کے بعد حاضرین جلسہ نے انتہائی والہانہ اور پر جوش نعرے لگائے۔ بعد ازاں حضور پرنور خواتین کی طرف بھی کچھ وقت کے لیے تشریف لے گئے اور اس طرح جلسہ سالانہ جرمنی 2004ء بخیر و خوبی اختتام کو پہنچا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کے روحانی اثرات سے نوازے۔ آمین

(ماہنامہ اخبار احمدیہ جرمنی ستمبر 2004ء)

پہلی صف میں کھڑے ہوتے

حضرت ڈاکٹر میر محمد اسمٰعیل صاحب بیان کرتے ہیں کہ:۔

''قدیم بیت مبارک میں حضرت مسیح موعود نماز جماعت میں ہمیشہ پہلی صف کے دائیں طرف دیوار کے ساتھ کھڑے ہوا کرتے تھے۔ یہ وہ جگہ ہے جہاں آجکل موجودہ بیت مبارک کی دوسری صف شروع ہوتی ہے۔ یعنی بیت الفکر کی کوٹھڑی کے ساتھ ہی مغربی طرف۔ امام اگلے حجرہ میں کھڑا ہوتا تھا۔ پھر ایسا اتفاق ہوا کہ ایک شخص پر جنون کا غلبہ ہوا اور وہ حضرت صاحب کے پاس کھڑا ہونے لگا اور نماز میں آپ کو تکلیف دینے لگا۔ اور اگر کبھی اس کو پچھلی صف میں جگہ ملتی تو ہر سجدہ میں صفیں پھلانگ کر حضور کے پاس آتا اور تکلیف دیتا اور قبل اس کے کہ امام سجدہ سے سر اٹھائے وہ اپنی جگہ پر واپس چلا جاتا۔ اس تکلیف سے تنگ آ کر حضور نے امام کے پاس حجرہ میں کھڑا ہونا شروع کر دیا۔ وہاں نسبتاً امن تھا۔ اس کے بعد آپ وہیں نماز پڑھتے رہے یہاں تک کہ بیت کی توسیع ہو گئی۔ یہاں بھی آپ دوسرے مقتدیوں سے آگے امام کے پاس ہی کھڑے ہوتے رہے۔ بیت اقصیٰ میں جمعہ اور عیدین کے موقعہ پر آپ صف اول میں عین امام کے پیچھے کھڑے ہوا کرتے تھے۔''

(سیرت المہدی حصہ سوم ص 268)

محترم میاں اقبال احمد صاحب آف راجن پور کی ہر دلعزیز شخصیت

ملک محمد ظفر اللہ صاحب

کون جانتا تھا کہ یکم جولائی 1942ء کو ایک غریب گھرانے میں آنکھیں کھولنے والا بچہ آسمان احمدیت کا روشن ستارہ بنے گا۔ بااقبال کہلائے گا اور ابدی حیات کا جام پیئے گا۔ ایک معمولی چک میں جنم لینے والا، غیر احمدی والدین کی گود میں کھیلنے والا وہ معصوم جسے ''بالا'' کہا جاتا تھا قربانیوں اور سعادتوں کی نئی تاریخ رقم کر گیا۔

ایک غیر تعلیم یافتہ ماحول میں پلنے والا بچہ بڑا ہو کر علم و معرفت کی مے پیتا بھی رہا اور پلاتا بھی رہا۔ اس ننھے بچے کا نام ''میاں اقبال احمد'' تھا کہ جسے احمدی معاشرے میں تعارف کی احتیاج نہیں اور غیر احمدی معاشرے میں سر اٹھا کر جیا، مخالفتوں اور نفرتوں کے طوفانوں سے ٹکرا کے مسکراتا رہا۔ اپنوں اور غیروں میں یکساں محبت بانٹتا رہا اور ہر دلعزیز شخصیت کے روپ میں ابھرا ایک باکردار، متقی، خوش گفتار، باصلاحیت، بے تکلف اور ایماندار وکیل کی حیثیت سے جانا گیا۔

محترم میاں اقبال احمد صاحب سے خاکسار کا تعارف بہت پرانا ہے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ جب پہلی بار عدالت میں ان سے ملنے گیا تو آپ نے کھڑے ہو کر میرا استقبال کیا، نہایت خندہ پیشانی سے پیش آئے۔ میرے تعارف پر آپ کی آنکھیں اپنے احمدی بھائی کو دیکھ کر فرط مسرت سے چمکنے لگیں۔ اس نوجوان وکیل سے کافی دیر تک باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو ہوتی رہی اور میں ان کی دلفریب، سادہ اور پُروقار شخصیت سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔

میاں صاحب محترم کی خدمات دینیہ کا سلسلہ بہت طویل ہے۔ 1961ء میں سلسلہ احمدیہ میں داخل ہونے کے ساتھ ہی آپ ایک فعال کارکن کی حیثیت سے پہچانے جانے لگے۔ متعدد جماعتی عہدوں پر خدمت کی توفیق پائی جن میں قائد مجلس خدام الاحمدیہ ضلع، قائد علاقہ، مقامی صدر، مختلف شعبہ جات کے سیکرٹری لیکن خاکسار اس وقت امیر ضلع کی حیثیت سے آپ کی سیرت پر روشنی ڈالنا چاہتا ہے۔

آپ کی امارت کا آغاز 1982ء میں ہوا۔ اس کے ساتھ ہی جماعت احمدیہ ضلع راجن پور میں جوش، جذبے، بیداری کی نئی لہر دوڑ گئی۔ 1982ء تک آپ اپنی 21 سالہ جماعتی خدمات ربوہ، کراچی، رحیم یار خان، ڈیرہ غازی خان اور راجن پور میں انجام دے چکے تھے لیکن ضلع راجن پور میں قیام اور 15 سالہ خدمات کی بدولت ہر احمدی سے ذاتی واقفیت و محبت کا رشتہ استوار کر چکے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے آپ کا تقرر بحیثیت امیر ضلع راجن پور کیا اور آپ کو ضلع راجن پور کے پہلے امیر بننے کی سعادت نصیب ہوئی۔ اس طرح ضلع ڈیرہ غازی خان کی اس حیثیت کہ جس میں راجن پور وہاں کی تحصیل تھی کے آخری امیر ضلع ہونے کا شرف بھی حاصل ہوا کیونکہ آپ 1980ء میں ضلع ڈیرہ غازی خان کے امیر مقرر ہوئے تھے۔ بہرحال آپ کی امارت نے جماعت احمدیہ راجن پور کی تقدیر بدل کے رکھ دی اور ہر آنے والا دن امام وقت کی بصیرت اور انتخاب کو سراہتا رہا۔

میں بھلا کیسے بھول سکتا ہوں ضلعی مجلس عاملہ کے وہ ابتدائی تربیتی اجلاس جن میں آپ باقاعدہ بلیک بورڈ پر لکھ کر احباب جماعت کو مرکزی تنظیمی ڈھانچے سے روشناس کراتے رہے۔ بطور سیکرٹری مال جماعت عمر کوٹ آپ کی تربیت رہنمائی اور شفقت سے جماعت کے مالیاتی نظام سے آگہی ہوئی۔ بارہا ذاتی توجہ سے خاکسار کو چندہ جات کی شرح اور ترسیل زر کے طریقے سمجھاتے۔

امیر صاحب کو صدر انجمن کے قواعد اور ذیلی تنظیموں کے دستور اساسی ازبر تھے جب کبھی ضرورت ہوتی فوراً حوالہ دیتے کہ فلاں جگہ فلاں قاعدہ دیکھیں۔

ایک بار احاطہ عدالت میں اپنے چیمبر میں دعوت الی اللہ کر رہے تھے کہ کسی نے پوچھا کہ ''بحیثیت امیر ضلع آپ کے کیا فرائض ہیں؟'' آپ نے کہا کہ جب میرے ضلع کا کوئی احمدی فوت ہو جائے تو میری ذمہ داری ہے کہ اس وقت تک اس کے لئے بخشش کی دعا کروں کہ جب تک اللہ تعالیٰ یہ خوشخبری عطا نہ کر دے اور میں اپنا یہ فرض امیر ضلع کی حیثیت سے نبھانے کی ہمیشہ کوشش کرتا ہوں اور میرے اللہ نے مجھے کبھی مایوس نہیں کیا۔

آپ کا چہرہ محبت اور توکل علی اللہ کے جوش سے دمک رہا تھا۔ امیر صاحب ہمیشہ جماعت کو اطاعت، وفا اور نظام سے چمٹے رہنے اور اپنی سستیوں کو دور کرنے کی تلقین فرماتے۔ اس ضمن میں کہا کرتے تھے کہ میں نے حضرت مصلح موعود، حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے دور خلافت دیکھے ہیں مگر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ترقیات کی شاہراہوں پر اللہ کے فضل سے دوڑ لگوا دی ہے۔ جس احمدی نے اپنی سستیاں دور نہ کیں وہ بہت پیچھے رہ جائے گا اور جماعت سے کاٹا جائے گا اس لئے ہوشیار رہو۔

جماعت کے ہر فرد سے ذاتی محبت کا تعلق تھا ضلع راجن پور کی تمام جماعت آپ کے رشتہ داروں کی صف میں سمجھی جاتی۔ حالانکہ ایک بھی گھرانہ کو یہ شرف حاصل نہ تھا لیکن آپ کا جماعتی رشتہ وفا، بے تکلفی اور محبت کی مٹی سے گندھا ہوا تھا یہی وجہ تھی کہ خصوصاً راجن پور شہر کی تمام جماعت کو غیر از جماعت آپ کا رشتہ دار ہی جانتے۔ وہ کیا تھا جس نے خون کے رشتوں کو پس پشت ڈال دیا؟ وہ کون سا جذبہ، کون سا عشق تھا کہ تمام جماعت آپ کی رشتہ دار نہ ہونے کے باوجود رشتہ دار سمجھی جاتی رہی اور وہ جو خونی رشتوں میں بندھے تھے سے تعلق غیروں کے لئے باعث حیرت تھا۔ وہ میاں صاحب محترم کی قربتیں، شفقتیں ہی تھیں کہ جس نے یہ اعجاز کر دکھایا۔ آپ نے اپنے وجود کو جماعت کے وجود میں یوں ضم کر لیا تھا کہ الگ دکھائی دینا محال تھا ایک تصویر کے دو رخ لگتے تھے۔ اپنا تعارف اپنی فیملی کی بجائے اپنی جماعت کے حوالے سے کراتے۔ آپ کا تعلق ایک معزز، تعلیم یافتہ، صاحب اثر و رسوخ اور باوقار فیملی سے تھا مگر ان تمام خوبیوں کے مقابل پر آپ نے ایک الٰہی جماعت کے حوالے سے شناخت کو اپنا فخر جانا۔

امیر صاحب علم کا رواں سمندر تھے۔ آپ کی عالمانہ گفتگو عموماً عام فہم ہوا کرتی تھی۔ طبیعت میں عجز و انکسار اور سادگی نہایت نمایاں تھی۔ تکبر کا شائبہ تک نہ تھا۔ ہر ایک کو پوری توجہ دیتے۔ مسئلہ حل کرتے، رہنمائی فرماتے اور مہمان نوازی کرتے۔ میں نے کبھی کسی احمدی سے یہ نہیں سنا کہ امیر صاحب نے اپنی مصروفیات میں سے اسے وقت نہیں دیا۔ ہر احمدی کی غیر معمولی عزت کرتے۔ بالکل باپ جیسا برتاؤ کرتے۔ اپنی عاملہ کو بھی نصیحت کرتے کہ جماعت کے لئے بھائی بن کر نہیں بلکہ باپ بن کر سوچا کریں بھائی اور باپ کے جذبوں میں بہت فرق ہوتا ہے۔ اور بلاشبہ آپ کی پدرانہ شفقتوں سے انہوں نے بھی حصہ پایا جو کہ خود بلحاظ عمر آپ کے ماں باپ کے برابر ہوں گے۔ آپ کی شفقتوں کا مورد خاکسار بھی رہا۔ مجھے خوب یاد ہے ایک بار راجن پور میں خاکسار گیسٹ ہاؤس میں قیام پذیر تھا۔ رات ساڑھے دس بجے امیر صاحب گلاس میں دودھ لئے وہاں تشریف لائے اور فرمایا کچھ دودھ تھا میں نے سوچا ماسٹر صاحب کو دے آؤں۔ خوشی اور شرمندگی کے ساتھ میرا ذہن اپنے آقا حضرت مسیح موعود کی طرف چلا گیا جو عین اسی طرح رات گئے سخت سردی میں اپنے مہمان کے لئے دودھ کا گلاس خود دینے گئے۔ واقعی جب انسان اپنا آپ فنا کر ڈالے تو آقا کے دلفریب نقوش کی جھلک اس کی سیرت و کردار میں نمایاں ہونے لگتی ہے۔ مجھے ہمیشہ اس امر کا شعوری احساس رہا کہ امیر صاحب غیر معمولی شخصیت رکھتے ہیں۔ خاکسار راجن پور جا کر محض آپ کے قرب و محبت کی خاطر چاہے کم وقت کے لئے سہی آپ کے دولت خانے یا چیمبر میں ضرور حاضر ہوتا۔ نہایت خوشی کا اظہار کرتے اور جماعتی امور اور حالات کے بارے میں گفتگو فرماتے۔ اور اپنی مصروفیات کو پس پشت ڈال کر پوری توجہ سے بات سنتے اور یہ سلوک محض خاکسار کے ساتھ نہ تھا بلکہ ہر احمدی اس کا گواہ ہے۔ کبھی کبھی میں سوچا کرتا ہوں کہ کتنے خوش نصیب ہیں راجن پور کے مقامی احمدی جنہیں میاں صاحب کی قربت اکثر نصیب رہتی ہے اور ایک ہم جیسے جو بہت دور ہونے کی وجہ سے کبھی کبھار ہی اس جوہر قابل سے مل سکتے ہیں۔

مکرم امیر صاحب بچوں میں بھی اتنے ہی مقبول تھے جتنے بڑوں میں۔ راجن پور آمد پر میرا کوئی بچہ ہمراہ ہوتا تو اس سے محبت سے ملتے، نظمیں سنتے، اللہ سے دل لگانے اور اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کی نصیحت کرتے۔

خدا تعالیٰ نے خاکسار کو 7 بیٹوں کے بعد بیٹی عطیۃ الحئی ظفر عطا کی تو میری اہلیہ نے ڈراؤنے خواب دیکھے کہ ایک ڈائن بچی کو چھین کر لے جا رہی ہے۔ ہم دونوں آپ کے گھر گئے تو میں نے خواب اور پریشانی کا ذکر کیا آپ نے ننھی بچی کو گود میں اٹھا لیا۔ آپ نے دیگر احباب کے ساتھ مل کر دعا کی۔ کافی لمبی دعا کے بعد فرمایا ماسٹر صاحب! آپ بے فکر ہو جائیں میں نے دعا کی ہے آج کے بعد کوئی ڈائن نہیں آئے گی تسلی رکھیں۔ اللہ تعالیٰ میری بیٹی کی خود حفاظت فرمائے گا۔ دعا کے بعد خاکسار نے اس خدشے سے کہ کہیں بچی پیشاب نہ کر دے۔ امیر صاحب کی گود سے لینا چاہا مگر آپ نے فرمایا بھئی پیشاب کر دیا تو کیا ہوا؟ بچے کرتے ہی رہتے ہیں میرے بھی تو بچے تھے اب بڑے ہو گئے ہیں تو کیا ہوا اس بیٹی کے لئے بھی کپڑے بدل لوں گا اور کافی دیر تک بچی کے ساتھ کھیلتے رہے۔ ویسی ہی معصوم مسکراہٹ تھی آپ کے لبوں پر کہ جیسی ننھی بچی کے ہونٹوں پر۔ آپ کی محبت سے اپنا حصہ وصول کرنے پر اور پھر اللہ کے فضل سے دوبارہ کبھی وہ خواب نہ آیا اور اب ماشاء اللہ بچی 10 سال کی ہو چکی ہے۔

آپ کی شہادت سے محض 3 روز قبل خاکسار اپنی جماعت کے ایک نوجوان کی بارات کے ساتھ راجن پور گیا وہاں بارات کے استقبال و نشست کا انتظام امیر صاحب کے گھر میں تھا نکاح کا خطبہ آپ نے نہایت سادہ مگر پُر مغز دیا یہ وہ آخری تقریر تھی جو امیر صاحب محترم نے کی۔

آپ کے گھر میں واقع آفس میں دوران مصروفیت جب خاکسار یا مربی صاحب یا کوئی اور صاحب آتے تو آپ وہیں سے بیٹھے بیٹھے آواز لگاتے بچو! آپ کے مربی صاحب یا ماسٹر صاحب آئے ہیں یہ کھانا بھی کھایا کرتے ہیں اور چائے بھی پسند فرماتے ہیں۔ پھر کہتے میرا کام درخواست کرنا تھا وہ میں نے کر دی اب گھر والے منظور کرتے ہیں یا نہیں یہ ان کی مرضی اور آپ کی قسمت۔ اچھا ہے آپ کے طفیل مجھے بھی کھانے کو کچھ مل جائے گا۔ آپ کی چھیڑ چھاڑ اپنے بیٹوں میاں سعید احمد صاحب و میاں حمید احمد صاحب سے بھی جاری رہتی اور دوران مزاح دوسروں کی طرح ان سے بھی دل لگی کیا کرتے تھے۔ آپ کی سنجیدگی، متانت اور شگفتگی و بے تکلفی بظاہر دو متضاد پہلو ہیں لیکن آپ کی شخصیت میں یہ پہلو ندی کے دو دھاروں کی طرح بیک وقت بہہ رہے ہوتے۔

باقی صفحہ 6 پر

دورِ جدید میں امت مسلمہ کو درپیش چیلنج اور مواقع

مسلم دنیا کے نامور رہنما مہاتیر محمد کا خطاب

